روزنامہ
صحافت

# ہندی میں حلف لینے کے مضمرات

جسٹس سوریہ کانت ہندوستان کے پہلے چیف جسٹس ہیں جنہوں نے ہندی میں حلف لیا۔ یہ ایک اہم کامیابی ہے، کیونکہ ہندی کو ملک کی اعلیٰ عدلیہ سے روک دیا گیا ہے۔ اگرچہ اتر پردیش، مدھیہ پردیش، بہار اور راجستھان کی ہائی کورٹس میں ہندی کے استعمال کی اجازت دی گئی ہے، لیکن ملک کے دیگر ہائی کورٹس کی کام کرنے والی زبان انگریزی ہی ہے، اور وہاں ہندی کے استعمال کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ آئین یہ حق فراہم کرتا ہے کہ جب تک پارلیمنٹ کوئی نیا قانون نہیں بناتی، سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس میں کارروائی انگریزی میں چلائی جائے گی۔ تاہم، آئین یہ بھی فراہم کرتا ہے کہ کسی ریاست کا گورنر، صدر کی پیشگی رضامندی سے، ہائی کورٹ کی کارروائی میں ہندی یا کسی دوسری سرکاری زبان کے استعمال کی اجازت دے سکتا ہے۔ زیادہ تر ریاستوں نے اس سمت میں قدم اٹھانا ضروری نہیں سمجھا۔ قابل ذکر ہے کہ ملک میں 520 ملین سے زیادہ لوگ ہندی بولتے ہیں، جب کہ 85 فیصد سے زیادہ آبادی اسے سمجھتی ہے۔ ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ میں مقدمات کا سامنا کرنے والے لوگوں کی ایک بڑی تعداد عدالتی کارروائی کو سمجھنے سے قاصر ہے کیونکہ کارروائی انگریزی میں ہوتی ہے، اور وہ انگریزی نہیں جانتے ہیں۔ یہ اچھی بات ہے کہ سپریم کورٹ نے اس پہلو کو تسلیم کیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ سپریم کورٹ نے 2023 میں اپنی ہندی ویب سائٹ شروع کر کے اس سمت میں ایک قدم اٹھایا تھا، اب چیف جسٹس سوریہ کانت نے ہندی میں حلف لیا ہے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہائی کورٹ کا ہندی کے تئیں مثبت رویہ ہے۔ ہندی زبان کے حق میں اور خلاف تحریکیں چل رہی ہیں۔ دوسری طرف ادب، سنیما اور موسیقی کے ذریعے ہندی نہ صرف ملک کے کونے کونے بلکہ بیرون ملک بھی پہنچ چکی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ان ریاستوں میں بھی جہاں ہندی کی مخالفت کی گئی ہے، ہندی دوسری ریاستوں سے آنے والے لوگوں سے رابطے کی زبان ہے، اور وہاں کے لوگ اسے سمجھتے ہیں۔ دراصل ہندی کی مخالفت کی اصل وجہ سیاست ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ غیر ہندی بولنے والی ریاستوں کے لیڈروں کو بھی، جنہوں نے ہندی مخالف جذبات کو سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا ہے، قومی مسائل پر ہندی میں بات کرتے ہوئے دیکھا اور سنا جاتا ہے کیونکہ وہ اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ قومی سیاست میں قدم جمانے کے لیے وسیع رائے عامہ کی تعمیر کی ضرورت ہے، اور ہندی ہی اس مقصد کو حاصل کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔ تاہم، سیاسی کشمکش نے اب تک مرکزی حکومت کو ہندی کو قومی سطح پر اس کا مناسب مقام دینے کے لیے قانون میں ترمیم کرنے سے روک دیا ہے۔ درحقیقت آج کے تکنیکی دور میں ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ آسان ہو گیا ہے۔ خاص طور پر مصنوعی ذہانت (AI) نے اسے بہت آسان بنا دیا ہے۔ ایسے میں عملی مشکلات کا حوالہ دے کر ہندی، اردو اور دیگر ہندوستانی زبانوں کو عدلیہ کی زبانوں کے طور پر استعمال کرنے کی مخالفت کا کوئی جواز نظر نہیں آتا۔ جہاں تک چیف جسٹس سوریہ کانت کے ہندی میں حلف لینے کا تعلق ہے تو اسے ایک مثبت قدم قرار دیا جا سکتا ہے۔ تاہم فی الحال اسے صرف ایک علامت کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے اور یہ کہنا ابھی قبل از وقت ہے کہ ہندی اور دیگر ہندوستانی زبانیں کب اعلیٰ عدلیہ کی کام کرنے والی زبانیں بنیں گی۔ دراصل اس کے لیے سیاسی ارادے کی ضرورت ہے کیونکہ اگر ہندی کو انصاف کی زبان بنانا ہے تو پارلیمنٹ کو قانون میں ترمیم کرنی ہوگی۔

# بِہار میں بَہار کب آئے گی؟



محمد ابراہیم خلیل سبیلی

بہار کی سیاست ایک بار پھر اسی تاریخی چوراہے پر کھڑی ہے جہاں سے وہ گذشتہ کئی دہائیوں میں بار بار گزر چکی ہے۔ اس مرتبہ پھر اقتدار کا باب کھلا اور ایک بار پھر وہی سوالات، وہی ندیشے اور وہی امیدیں زندہ ہوگئیں۔ نتیش کمار نے دسویں مرتبہ ریاست کے وزیر اعلی کے طور پر حلف لیا، یہ ایسا سیاسی ریکارڈ ہے جو خود بہار کی سیاست کے اتار چڑھاؤ کا آئینہ دار ہے۔ ان کے حلف لیتے ہی پھر وہی پرانے سوالات تازہ ہوگئے کہ آیا یہ پانچ سال واقعی تبدیلی کے ہیں یا اس بار بھی دعوں اور حقیقت کے درمیان وہی فاصلہ رہے گا؟ کیا اس بار بہار کی تقدیر میں کوئی نئی فصل بہار آئے گی یا صرف بھڑکاؤ بھاشنوں کے سہارے اگلے الیکشن تک کا سفر طے کیا جائے گا؟ ادھر ریاست کے لاکھوں افراد جو ملک کے کونے کونے میں محنت مزدوری کرتے ہیں ووٹ کا حق ادا کر کے اپنے اپنے ٹھکانوں کو واپس ہوچکے ہیں۔ چند دنوں کی سیاسی چہل پہل کے بعد سڑکیں خاموش ہیں، سیاسی بینرز نیم جان ہوچکے ہیں، الیکشن کی گہما گہمی دھیرے دھیرے ہوا میں تحلیل ہورہی ہے۔ جو لوگ انتخابی میدان کے ذریعہ کرسیوں تک پہنچنا چاہتے تھے وہ پہنچ چکے، جنہیں منصب چاہئے تھا مل چکا اور جنہیں اقتدار کے ایوانوں میں جگہ بنانی تھی وہ بنا چکے۔ گویا سیاسی قیادت نے اپنے مفادات کی منزلیں مکمل کرلی ہیں۔ تاہم وہ اصل منزل جس کا دوسرا نام "بہار کی عوام" ہے ابھی جوں کی توں باقی ہے؛ جو وعدوں اور دعوں کے سہارے ایک بار پھر انتظار کے نئے راستے پر کھڑی ہے۔ ایسا لگتا ہے اگلے پانچ سال تک ترقی اور اصلاحات کی باتیں کہیں فائلوں میں گم ہوجائیں گی، اعلانات کسی ریکارڈ روم میں کھو جائیں گے، اور پھر سیاسی حلقوں میں وہی خاموشی چھاجائے گی جو ہمیشہ الیکشن کے بعد چھاجاتی ہے۔

بہار کی سیاسی تاریخ کا المیہ یہ نہیں کہ وہاں حکومتیں زیروزبر ہوتی رہتی ہیں، بلکہ اصل کرب یہ ہے کہ ہر الیکشن کے بعد عوام کی امیدیں جاگ اٹھتی ہیں؛ مگر عملی میدان میں ایسا کچھ بھی نہیں ہوتا جو ان کی امیدوں کو حقیقت کا روپ دھار سکے۔ ہر الیکشن، ہر نیا اتحاد اور ہر نئی حلف برادری عوام کو یہی آس دلاتی ہے کہ شاید اب کی بار بہار اپنی پسماندگی کی زنجیریں توڑ کر ترقی کی راہ پر آئے گا مگر بہار آج تک وہیں کھڑا ہے جہاں کل تھا۔ نہ صنعتی بنیادیں بنیں، نہ تعلیمی ڈھانچے مضبوط ہوئے اور نہ روزگار کی نئی دنیا آباد ہوئی۔ اگر گزشتہ دنوں بہار کی حکومت ترقی کی کوئی مضبوط بنیاد رکھی ہوتی، ہر حلف برداری کے بعد کم از کم ایک بڑا صنعتی کارخانہ قائم کیا ہوتا، یا کوئی نیا اور اعلی تعلیمی ادارہ حقیقت کا روپ دھار لیا ہوتا تو آج بہار کی صورت حال بالکل مختلف ہوتی۔ وہاں کی سرزمین خستہ حالی کا نوحہ نہ پڑھتی اور اس کے نوجوان ملک کے کونے کونے میں ٹھوکریں کھاتے نہ پھرتے۔ آج بہار کا نوجوان اپنی ریاست کو چھوڑ کر دوسری ریاستوں میں اپنا خون پسینہ ایک کر رہا ہے، وہ مجبور ہے کہ اپنے خاندان سے دور رہے، اپنی زمین اور اپنی شناخت کی جدائی برداشت کرے۔ یہ صرف اس لئے کہ اس کی ریاست نے اسے وہ پلیٹ فارم نہیں دیا جس پر وہ کھڑے ہوکر اپنا مستقبل بنا سکے۔ اگر بہار کی صنعتی ترقی مضبوط ہوتی، تعلیم کا ڈھانچہ جدید خطوط پر استوار ہوتا اور روزگار کے دروازے کھلے ہوتے تو آج بہار ان ریاستوں میں شامل ہوتا جو اپنے نوجوانوں کو روزگار دیتی ہیں اور کبھی ہجرت کرنے پر مجبور نہیں کرتیں۔ بہار کا المیہ صرف یہ نہیں کہ وہاں پسماندگی ہے بلکہ اس کا دکھ اس سے بھی کہیں زیادہ شدید ہے۔ یہاں اصل تباہی ان سماجی زخموں کی ہے جو پچھلی کئی دہائیوں سے بھرنے کا نام نہیں لے رہے ہیں۔ ظلم، قتل و غارتگری، دبنگ سیاست اور سماجی انارکی کا ایسا سلسلہ ہے جو آج تک پورا تھا نہیں۔ کبھی ذرا سیاسی ہلچل ہو، الیکشن قریب ہو، کوئی اتحاد ٹوٹے یا بنے تو پھر سے انارکی کی پرانی چنگاری سلگ اٹھتی ہے۔ انتخابی مہم کے دوران بھی ریاست کے کئی علاقوں میں تشدد کے واقعات رونما ہوئے، کہیں کارکنوں کے درمیان جھڑپ، کہیں مخالفین پر حملے، کہیں دھمکیاں اور کہیں گولیاں ... بعض لوگ اس انارکی کو بہار کی گھٹی کا حصہ بتاتے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ یہ بہار کی فطرت ہے۔ لیکن یہ محض سیاسی بیانیہ ہے جسے پھیلانے والوں کا مقصد عوام کو مایوس رکھنا ہے؛ تاکہ وہ اپنے حالات کو مقدر سمجھ کر بیٹھ جائیں۔ آواز نہ اٹھائیں، سوال نہ کریں، اور لیڈروں سے جواب طلب کرنے کی جرأت نہ کرسکیں۔ اگر واقعی بہار کے لوگ اپنی تقدیر کے لکھے پر یقین کرلیتے اور مایوسی کا شکار ہوکر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جاتے تو ملک ان کی محنت، ہمت اور جفاکشی کی مثالیں نہ دیتا۔ افسوس یہ ہے کہ اس ریاست کے بے شمار ہونہار نوجوانوں کو اپنے ہی گھر میں باعزت نوکری نہیں ملتی، وہ قابلیت رکھتے ہوئے بھی مواقع سے محروم رہ جاتے ہیں۔ انہیں اپنی محنت کو تسلیم کروانے کے لئے اپنی ریاست سے دور جانا پڑتا ہے۔ یہی وہ بنیادی تضاد ہے جو بہار کے المیہ کو اور بھی زیادہ گہرا کردیتا ہے۔

بہار کی فضا اس قدر بوجھل ہوچکی ہے کہ وہاں کے نوجوانوں کو اپنے جائز حقوق کے لئے آواز اٹھانا بھی خطرہ محسوس ہونے لگا ہے۔ وہ جوان جو مستقبل کی امید سمجھے جاتے ہیں آج روزگار کی تلاش میں پریشان ہیں، امتحانی بد عنوانیوں سے دل شکستہ ہیں، غربت، جہالت، جوا اور زہریلی شراب جیسے مسائل سے دوچار ہیں۔ جب کوئی ان مدعوں کو لیکر اٹھتا ہے اور اپنی بے چینی کا اظہار کرتا ہے تو اس کے حصہ میں جواب کے بجائے لاٹھیاں آتی ہیں۔ اس صورت حال کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے بہار یہ پیغام دینا چاہتا ہو کہ یہاں سوال کرنا جرم ہے اور روزگار کی کمی پر بات کرنا ریاستی نظم وضبط کے خلاف بغاوت ہے۔ گویا حکومت یہ باور کرانا چاہتی ہے کہ ریاست کی ترقی نوجوانوں کے خوابوں کو پورا کرنے سے نہیں بلکہ ووٹ بینک کی گنتی میں ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر بہار میں حکومت سازی اتنی آسان کیسے ہوگئی؟ نہ روزگار فراہم کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے، نہ تعلیمی نظام کو ٹھیک کرنا شرط مانا جاتا ہے اور نہ ہی امن و شانتی کو لاگو کرنے کی ذمہ داری محسوس کی جاتی ہے۔ اگر سیاسی جماعتوں کو یہ یقین ہوجائے کہ وہ ترقی کے بغیر بھی اقتدار میں آسکتی ہیں، بے روزگاری بڑھتی رہے تب بھی ان کے ووٹ کم نہیں ہوں گے اور نوجوانوں کی فریاد کے باوجود ان کی کرسی محفوظ رہے گی تو پھر بھلا وہ ریاست کو کیوں ترقی کے راستے پر لانے کی کوشش کریں گی؟ یہ حقیقت ہے جب تک سیاست میں حساب لینے اور سوال کرنے کی روایت عام نہیں ہوجاتی تب تک ریاستی عوام کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ ہر ریاست کی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب اقتدار کا راستہ وعدوں کے بجائے خدمات سے ہوکر گذرتا ہے۔

ان سارے ہنگاموں اور سیاسی شور کے بیچ سب سے بڑا سوال بہار کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کا ہے۔ آخر وہ کب تک اپنے وطن میں مسافر کی زندگی گزاریں گے؟ کب تک وہ روزگار کی تلاش میں شہر شہر کی خاک چھانتے پھریں گے؟ کیا ان کے آنے والی نسلیں بھی انہیں ویران راستوں پر بھٹکتی رہیں گی؛ جہاں منزل کا کوئی نشان نہیں اور امیدوں کا کوئی چراغ روشن نہیں؟ آج بھی بہار کے لاکھوں چھتوں کے نیچے ایک ہی خواب پلتا ہے بیٹا پڑھے گا آگے بڑھے گا، اور ایک دن گھر کی تنگ دستی کو خوشحالی میں بدل دے گا۔ والدین ان کے لئے قرض لیتے ہیں، اپنی ضرورتیں قربان کرتے ہیں اور اپنی خواہشیں مار کر انہیں تعلیم دلاتے ہیں۔ مگر جب یہ محنت کر کے قابل بن جاتے ہیں تو ان کی قابلیت کے مطابق نہ مواقع ملتے ہیں اور نہ ان کی محنت کے مطابق میدان۔ پھر انہیں روزگار کی تلاش میں اپنی دھرتی کو چھوڑ کر دوسری ریاستوں، شہروں اور قصبوں کی راہ لینی پڑتی ہے۔ یہ کیسی ریاست ہے جس میں اپنے ہی لوگوں کو نوکری نہیں ملتی، ترقی کا مطلب تو یہ ہوتا ہے کہ مقامی زمین اپنے لوگوں کو سہارا دے، انہیں باعزت روزگار فراہم کرے، اور انہیں اپنی ہی ریاست میں رکھتے ہوئے مضبوط اور تابندہ مستقبل عطا کرے۔ آخر بہار میں وہ دن کب آئے گا کہ وہاں کی زمین اپنے بچوں کے لئے خود کفیل ہوگی؟ وہاں کے جوان تعلیم مکمل کرتے ہی انہیں مواقع کب نصیب ہوں گے، کب عزت ملے گی، اور وہ مستقبل کب ملے گا جس کے وہ حقدار ہیں؟

بہار کی عوام کو سمجھنا ہوگا کہ کسی قوم کی تقدیر صرف لیڈروں یا حکومتوں کے بدلنے سے زیادہ عوام کے بیدار ہونے سے بدلتی ہے۔ اگر وہاں کے لوگ ظلم، ناانصافی اور ناخواندگی کو اپنی تقدیر سمجھ کر ہر الیکشن میں انہیں چہروں کو دوبارہ منتخب کرتے ہیں جنہوں نے انہیں بار بار مایوس کیا ہے تو پھر بہار کی سیاست اب بھی ویسے ہی جمود و تعطل کا شکار رہے گی جیسے پچھلے کئی دہائیوں سے رہی ہے۔ ہر بار یہی ہوا کہ انتخابی شور تھا، سیاست دان دہلی، پٹنہ یا اپنے محل نما گھروں کو لوٹ گئے۔ میڈیا نے بھی اپنی مصروفیات بدل لیں اور میدان میں رہ گیا کون؟ وہی بہار کا باسی ... سچ تو یہ ہے کہ غریبی اور جہالت بہار کا مقدر نہیں بلکہ برسوں سے اس پر حکمرانی کرنے والے طبقہ نے عوام کو اسی حالت میں رکھنا بہتر سمجھا۔ کیونکہ غریب، بے روزگار اور مجبور عوام کو تقسیم کرنا اور ان پر حکومت کرنا آسان ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی سوال کرنے کھڑا ہوتا ہے اسے دبایا جاتا ہے، اور کوئی روزگار مانگتا ہے تو اسے گمراہ قرار دیا جاتا ہے۔ یہ سب اس لئے کیا جاتا ہے تاکہ ووٹوں کی مقبولیت کے طریقے بیکار نہ ہوجائیں۔

بہار کی عوام کو سمجھنا ہوگا کہ کسی قوم کی تقدیر صرف لیڈروں یا حکومتوں کے بدلنے سے زیادہ عوام کے بیدار ہونے سے بدلتی ہے۔ اگر وہاں کے لوگ ظلم، ناانصافی اور ناخواندگی کو اپنی تقدیر سمجھ کر ہر الیکشن میں انہیں چہروں کو دوبارہ منتخب کرتے ہیں جنہوں نے انہیں بار بار مایوس کیا ہے تو پھر بہار کی سیاست اب بھی ویسے ہی جمود و تعطل کا شکار رہے گی جیسے پچھلے کئی دہائیوں سے رہی ہے۔ ہر بار یہی ہوا کہ انتخابی شور تھا، سیاست دان دہلی، پٹنہ یا اپنے محل نما گھروں کو لوٹ گئے۔ میڈیا نے بھی اپنی مصروفیات بدل لیں اور میدان میں رہ گیا کون؟ وہی بہار کا باسی...... سچ تو یہ ہے کہ غریبی اور جہالت بہار کا مقدر نہیں بلکہ برسوں سے اس پر حکمرانی کرنے والے طبقہ نے عوام کو اسی حالت میں رکھنا بہتر سمجھا۔ کیونکہ غریب، بے روزگار اور مجبور عوام کو تقسیم کرنا اور ان پر حکومت کرنا آسان ہوتا ہے۔

وقت آگیا ہے کہ بہار اپنے مستقبل کے بارے میں از خود فیصلہ کرے۔ ریاست کا ہر جوان، مزدور، استاد، طالب علم، اور بزرگ سب یہ احساس کرے کہ بہار صرف سیاست دانوں کا نہیں بلکہ وہاں کے رہنے والوں کا بھی ہے۔ بہار کو بدلنا ہے تو کسی کا انتظار کئے بغیر عوام کو اپنے حصہ کی لڑائی خود لڑنی ہوگی۔ عوام اپنی طاقت کو پہچانیں، عوام ہی صحیح قیادت کو ابھار سکتے ہیں، عوام ہی غلط نظام کو پیچھے ڈھکیل سکتے ہیں، انہیں یاد رکھنا ہوگا کہ ترقی کبھی باہر سے نہیں آتی وہ اندر سے جنم لیتی ہے عوام کے شعور سے، بیداری سے، درست فیصلوں اور اتحاد سے۔ اگر بہار کے لوگ متحد ہوکر اپنے حق کی آواز بلند کریں گے، تعلیم کو اولین ترجیح بنائیں گے، سماجی بیداری کا آغاز کریں گے اور حکومتوں کی غلطیوں پر سوال اٹھائیں گے، تو بہار از سر نو بہار والی ریاست بن سکتا ہے۔ وہ بہار جو ہزاروں سال پرانی تاریخ رکھتا ہے اور جس نے پورے ملک کی فکری، علمی اور تہذیبی قیادت کی۔ بزرگوں اور سادھوسنتوں کی سر زمین، گوتم بدھ کی دھرتی، نالندہ کے علم کا مرکز، اور اشوک کے عدل کا مینارہ یہ محض ایک ریاست نہیں بلکہ پرانی تہذیب ہے۔ اسے دوبارہ روشن کرنا بہار کے لوگوں کا کام ہے۔ تبدیلی مشکل ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں، شرط یہ ہے عوام خاموشی توڑیں اور سوال کرنا شروع کریں۔ یاد رکھیں مقدر وہ نہیں ہوتا جو ہمیں مل جائے، مقدر تو وہ ہوتا ہے جسے ہم خود لکھتے ہیں۔ آگے بڑھیں بہار کا مقدر عوام کے ہاتھ میں ہے بس فیصلہ کرنے کی دیر ہے۔

●●●

# دہلی دھماکہ: خودکش حملے کے دفاع کی مسلم کمیونٹی کی جانب سے پرزور مذمت



عفیف احسن

دہلی دھماکے کے ملزم ڈاکٹر عمر نبی کی ایک ویڈیو آن لائن سامنے آئی ہے جس میں وہ خودکش حملے کا دفاع کرتے ہوئے اسے "شہادت کی کارروائی" (martyrdom operation) قرار دے رہا ہے۔ یہ ویڈیو بڑے پیمانے پر گردش کر رہی ہے، جس پر مسلم کمیونٹی اور مختلف سیاسی شخصیات کی جانب سے شدید مذمت کی گئی ہے۔

10 نومبر کو لال قلعہ علاقے میں ہونے والے دھماکے کے بعد سامنے آنے والی اس خود ساختہ اور بغیر تاریخ کی ویڈیو میں دہشت گرد ماڈیول کا کلیدی رکن ڈاکٹر عمر نبی اپنے نظریے کے بارے میں بات کرتا نظر آرہا ہے۔ ڈاکٹر عمر نبی نے خودکش حملے کا دفاع کیا اور اسے "شہادت کا عمل" قرار دیا۔ ماہرین کا خیال ہے کہ یہ ویڈیو ایک بنیاد پرست (radicalized) نقطہ نظر کی عکاسی کرتی ہے جس کا مقصد دوسروں کو متاثر کرنا ہے۔

ممتاز مسلم شخصیات اور گروپوں نے اس ویڈیو پر بڑے پیمانے پر تنقید کی ہے اور زور دیا ہے کہ اسلام خودکشی اور معصوم افراد کے قتل سے منع کرتا ہے۔ اسد الدین اویسی اور عمران مسعود جیسے رہنماؤں نے اس فعل کو "حرام"، "سنگین گناہ" اور "دہشت گردی" قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ اس طرح کے اقدامات اسلامی تعلیمات کے مطابق نہیں ہیں۔ سوشل میڈیا پر بھی ردعمل میں اسی ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا، جہاں خودکشی کو اسلام میں ایک بڑا گناہ قرار دیا گیا اور ویڈیو کے خیالات کو انتہا پسندانہ نظریے سے جوڑا گیا۔ مسلم کمیونٹی کا متفقہ فیصلہ ویڈیو میں ظاہر کیے گئے انتہا پسندانہ خیالات کو واضح طور پر مسترد کرنا اور ان سے لاتعلقی کا اظہار کرنا ہے، کیونکہ یہ بنیادی اسلامی اصولوں کے منافی ہیں۔

خودکش حملہ آور ڈاکٹر عمر نبی اپنے مزموم اعمال اور تشدد پر مبنی اپنے انتہا پسندانہ خیالات کا جواز پیش کرنے کیلئے اسلام کی اپنی تشریح اور جسے وہ "شرعی" اصول کہتا ہے، کا سہارا لیتا ہے۔ نبی کا جواز مرکزی اسلامی نقطہ نظر کے برعکس ہے۔ نبی کے خیالات کے برعکس، مرکزی دھارے کے مسلم مذہبی رہنماؤں نے اس طرح کے اقدامات کی مذمت کی ہے۔ متواتر علما (اسلامی اسکالر) نے بیان دیا کہ اسلام میں کسی بھی بے گناہ شخص کا قتل یا تشدد پھیلانا سختی سے منع (حرام) ہے، اور یہ کہ دہشت گردانہ سرگرمیوں کی مذہب میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ اس سلسلے میں قرآن مجید کا حوالہ دیا جاتا ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ ایک بے گناہ انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے مترادف ہے۔ قرآن کریم واضح طور پر خود کو ہلاک کرنے سے منع کرتا ہے، سورۃ النساء (4) کی آیت 29 میں ارشاد ہے کہ "اے ایمان والو، آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق مت کھاؤ سوائے اس کے کہ باہمی رضامندی سے تجارت کے ذریعے ہو۔ اور اپنے آپ کو [یا ایک دوسرے کو] قتل مت کرو۔ بے شک اللہ تم پر بہت مہربان ہے۔"

سورۃ الانعام (6) کی آیت 151 میں ارشاد ہے کہ ... "اور اس جان کو قتل نہ کرو جسے اللہ نے حرام قرار دیا ہے سوائے حق کے ساتھ [یعنی عدل کے تقاضوں کے مطابق]۔ یہ ہیں اس کے احکامات تمہارے لیے تاکہ تم سمجھو۔"

سورۃ بنی اسرائیل (17) کی آیت 33 میں حکم ہے کہ "اور کسی جان کو ناحق قتل نہ کرو جسے اللہ نے حرام قرار دیا ہے، سوائے حق کے ساتھ [یعنی عدل کے تقاضوں کے مطابق]۔"

سورۃ البقرہ (2) کی آیت 195 میں اللہ فرماتا ہے کہ "اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں مت ڈالو [یعنی بخل کر کے]۔ اور نیکی کرو، بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔"

یہ آیات مسلم علماء اور تنظیموں کی جانب سے دہشت گردی اور خودکش بمباری کی بطور بڑے گناہ اور اسلامی تعلیمات سے انحراف کے طور پر مذمت کرنے کے لیے پیش کی جاتی ہیں۔


خودکش حملہ آوروں کے موقف اور ان کی دماغی کیفیت کو سمجھنے کے لئے ہم ان کی دلیلوں کو دیکھیں تو ایسے مزموم کام کرنے کے لئے وہ یہ دلیل دیتے ہیں کہ وہ شہید کا درجہ حاصل کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ خودکشی ہوتی ہے۔ وہ اپنی جان خود لیتے ہیں، جسے اللہ نے منع فرمایا ہے اور جو ایک بہت بڑا گناہ ہے۔ زندگی اللہ کی نعمت ہے اور اسی کے مطابق ہمیں اپنی زندگی گزارنی ہے۔ اس گناہ کو عمل دینے کے لئے وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم کفار سے لڑ رہے ہیں۔ اور اس کو جائز ٹھہرانے کے لئے وہ کسی کو بھی کفار قرار دے دیتے ہیں چاہے وہ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتا ہو، یہاں تک کے وہ اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے مسلمانوں تک کو کافر قرار دیدیتے ہیں۔ لیکن ان کا سارا ظلم معصوم اور نہتوں پر اترتا ہے۔ جبکہ یہ غیر مقاتلین جیسے کہ عورتوں، بچوں، بزرگوں اور نہتوں کو مار رہے ہوتے ہیں، جس سے پیغمبر اسلام نے سخت منع فرمایا ہے۔ وہ یہ بھی سوچتے ہیں کہ اس میں عام شہری ضمنی نقصان (Collateral Damage) ہیں۔ جبکہ وہ عام شہریوں معصوموں اور عورتوں اور بچوں کو جان بوجھ کر نشانہ بنا رہے ہوتے ہیں۔ 'تترس' (یعنی دورانِ جنگ شہریوں کا نقصان) کا اطلاق صرف تب ہوتا ہے جب یہ غیر ارادی ہو اور بقا کے لئے ناگزیر ہو۔ اس کا اطلاق حالیہ لال قلعہ حملہ جیسے مذموم عمل جس میں سبھی معصوم لوگ بلا تفریق مذہب مارے گئے اور زخمی ہوئے پر نہیں ہوسکتا ہے۔

خودکش حملہ جیسے مذموم عمل کو انجام دینے والے یہ بھی کہتے ہیں کہ انکا نام نہاد مقصد ہی ان کے ذریعہ استعمال کئے گئے ذرائع کا جواز ہے۔ (The end justifies the means) جبکہ اسلام میں ذرائع کا بھی اتنا ہی پاکیزہ ہونا ضروری ہے جتنا کہ مقصد کا۔ یہ لوگ اللہ کی نافرمانی کر کے (یعنی بے گناہوں کو مار کر) اس کی اطاعت نہیں کر سکتے۔

عمر نبی اور اس جیسے دہشت گرد صاف طور پر جیش جیسی دہشت گرد تنظیموں کی سوچ کے غماز ہیں۔ اس ویڈیو سے صاف پتا چلتا ہے کہ اس خودکش حملہ میں پاکستان میں بیٹھے ہوئے جیش کے دہشت گردوں کا ہاتھ ہے اور وہی اس دہشت گردی کے ماڈیول کے تلقین عقیدہ (Indoctrination) اور مالی اور اخلاقی حمایت کے ساتھ ساتھ مسلح حمایت کر رہے ہیں۔ اس دہشت گرد تنظیم کا مقصد صرف اور صرف ہندوستان جیسے کثیر جہتی اور پرامن ملک میں امن و امان کو بگاڑنا اور مذہبی منافرت پھیلانے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔

□□□

# فلمی اداکاروں میں بعض حافظ قرآن اور بعض حاجی جبکہ بعض کو دونوں سعادتیں حاصل



محمد قمر خان (لکھنؤ)

ہندوستان کے فلمی نظام کی چکاچوندھ سے ہمیں وہاں رائج دین و اسلام کے چلن کے بابت کوئی مغالطہ پالنا غیر مناسب ہوگا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ وہاں بھی جاری نظام حافظ قرآن اور حاجیوں کے وجود سے اچھوتا نہیں ہے۔ ایسے اچھوتے نظام سے جڑے چند فلمی بندوں کے متعلق مختصر معلومات آپ سب کے ساتھ ساجھا کرتے ہیں۔ **اے آر رحمن** 2004ء اور پھر 2006ء میں دو مرتبہ حج کیا۔ ایک سچے مسلمان ہیں۔ ایک مرتبہ اپنی سالگرہ کے دن وہ مکہ شریف میں ہی موجود تھے۔ **عامر خان** 2012ء میں اپنی والدہ زینت حسین کے ہمراہ خود حج کیا جبکہ اپنی والدہ کو وہیل چیئر پر بیٹھا کر حج کرایا۔ سعادت مندی کے یہ ایک بہترین مثال ہے۔ **سید عمران انور ہاشمی** دیگر اسلامی تعلیمات حاصل کرنے کے علاوہ قرآن بھی حفظ کیا۔ صاحب زادہ عیان ہاشمی کے کینسر میں مبتلا رہنے کے دوران 2015ء سے قرآن سنا کر ان کی شفا کے واسطے ہی نہیں بلکہ اس کی جسمانی تکلیف کے احساس کو کم کرنے کے واسطے خدا سے برابر دعا گو رہا کرتے تھے۔ یہ سلسلہ 2018ء میں عیان کی صحت یابی تک جاری رہا۔ قرآن پر اعتماد اور ایمان کی ایسی مثال بہ مشکل تمام ہی مل پائے گی۔ **لائبا خان** ایک پاکستانی اداکارہ ہیں۔ قرآن بھی حفظ کر رکھا ہے۔ بیس منٹ کے اندر سورۃ بقرہ کی زبانی تلاوت مکمل کر لیتی ہیں۔ **سعود قاسمی** کراچی میں معہ اہل وعیال رہ رہے ہیں۔ حافظ قرآن ہیں۔ پچاس سے زیادہ ڈراموں میں کام کر چکے ہیں۔ مذہبی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے والد کی تلاوت ریڈیو پاکستان سے پہلی مرتبہ نشر کی گئی تھی۔ **قادر خان**: شروع میں اسلام سے دور تھے۔ اسلام کی طرف دیر سے مگر دل سے راغب ہوئے۔ 2014ء میں کیناڈا سے حج کے لئے گئے۔ قرآن کو حفظ کیا۔ 2018ء میں 81 برس کی عمر میں دنیائے فانی سے رخصت ہوگئے۔ **گھانا علی**: پاکستان کی ایک بولڈ اداکارہ، 2015ء میں فلمی کیریئر کی شروعات کی بچپن میں قرآن کو حفظ کیا کراچی میں عمیر گلزار سے شادی کی۔ **ثنا خان**: ہندوستانی فلم انڈسٹری کی بولڈ اداکارہ۔ حافظہ کرنے میں مصروف رہتی ہیں۔ مفتی انس سے شادی کی۔ 2012ء میں جب قرآن کا مع ترجمہ کے مطالعہ کیا تو اس کی زندگی تبدیل ہوگئی اور فلم لائن چھوڑ کر اسلام کا راستہ اختیار کیا۔ **شفقت چیما**: زندگی سادگی سے تھی۔ دور حاضر میں پاکستانی فلموں کے ٹاپ کے ویلین ہیں۔ **سائرہ بانو**: 16 برس کی عمر میں اپنا فلمی کیریئر شروع کیا۔ بعد میں یوسف خان یعنی دلیپ کمار سے شادی کی۔ 2013ء میں اپنے شوہر کے ساتھ حج کیا۔ **محمد رفیع**: حج کیا اور اس کے بعد گانا چھوڑ دیا بعد میں اپنے چاہنے والوں کے بے حد اسرار اور منت مول پر کچھ وقفہ اور گا سکے جس کے بعد انتقال ہوگیا۔ **علی فضل**: 2024ء میں اپنی ماں اور نانا کے نام سے عمرہ کیا۔ **گوہر خان**: اپنی پوری فیملی کے ساتھ عمرہ کیا ساتھ ہی اپنے شوہر کے ہمراہ حج بھی کیا۔ **اسد بھٹ**: ایک اداکار ہونے کے ساتھ ساتھ ایک ماڈل بھی ہیں انہوں نے بھی بچپن میں ہی قرآن حفظ کرلیا تھا۔ **شاہ رخ خان**: 2022ء میں عمرہ کیا اور دور حاضر میں ان کی شدت سے خواہش ہے کہ وہ معہ اہل وعیال حج پر جائیں۔ **دلیپ کمار**: عمر کے 90 سالہ پڑاؤ پر اپنی اہلیہ سائرہ بانو کے ہمراہ حج پر گئے۔ اور وہاں دل لگ جانے کے سبب مقررہ مدت کے بعد بھی وہاں پر قیام کیا۔ اس طرح نامل حاجیوں کے قیام کے کافی عرصہ بعد وہاں سے واپس وطن آئے۔ **سلمان خان**: حج کا شدید جذبہ دل میں موجود ہے۔ زیارت حج کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ جلد ہی خاندان کے دیگر حضرات کے ساتھ جائیں گے۔

آخر میں مضمون نگار مندرجہ بالا تمام شخصیتوں کا احترام کرتے ہوئے اُن سب کے خوش آئند مستقبل کا خواہاں ہے اور ان کے واسطے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہے۔

☆☆☆

